بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جس سے بد فعلی کی اس کے پیچھے نماز کا حکم

**سوال:**

محترمی و مکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے محلے کی مسجد میں امام صاحب کی غیر موجودگی میں ان کے شاگرد امامت کراتے ہیں۔ صورتحال یہ ہے کہ ان لڑکوں میں سے ایک لڑکے کے ساتھ میں بد فعلی کر چکا ہوں۔ کیا میری اس لڑکے کے پیچھے نماز ہو جائے گی یا نہیں؟ رہنمائی فرمائیں۔

**سائل: م، ص، ڈیرہ اسماعیل خان**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز تو آپ کی اس لڑکے کے پیچھے ہو جائے گی لیکن اس فعلِ بد سے صدقِ دل سے توبہ کریں، خوب گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں، ہو سکے تو حسبِ استطاعت کچھ صدقہ خیرات بھی کریں اور آئندہ نہ کرنے کا عزم بھی کریں۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**25-جنوری 2021ء**